Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

تَرْجَمَةُ الْقُرْآنِ الْمَجِيْد

جماعت نہم

LAST HOPE STUDY
Download All Subjects Notes from website www.lasthopestudy.com

سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ

مشق

1 درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

(i) "حق و باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا" معنیٰ ہے:
(الف) قرآن کا (ب) فرقان کا (ج) ذی شان کا (د) رحمان کا

(ii) سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ کے آخر میں صفات بیان کی گئی ہیں:
(الف) مجاہدین کی (ب) تاجروں کی (ج) شہیدوں کی (د) رحمان کے بندوں کی

(iii) قرآن مجید نازل کیا گیا:
(الف) مسلمانوں کے لیے (ب) عربوں کے لیے (ج) تمام جہانوں کے لیے (د) اہلِ علم کے لیے

(iv) رحمان کے بندے زمین پر چلتے ہیں:
(الف) تیز تیز (ب) آہستہ آہستہ (ج) اکڑ اکڑ کر (د) عاجزی کے ساتھ

(v) اللہ تعالیٰ کے نزدیک خاص مقام ملتا ہے:
(الف) خاندان سے (ب) حسب نسب سے (ج) اچھے کردار سے (د) خوب صورتی سے

Web Version of PCTB Textbook Not For Sale

2 مختصر جواب دیجیے۔

(i) سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ کو یہ نام کیوں دیا گیا؟
(ii) سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ کا خلاصہ لکھیں؟
(iii) سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ کے اہم علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔

جوابات

(i) سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ کو یہ نام کیوں دیا گیا؟

جواب: سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ کی پہلی آیات میں قرآنِ مجید کو فرقان قرار دیا گیا ہے یعنی حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والی کتاب۔ اسی مناسبت سے اس سورت کا نام سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ ہے۔

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

(ii) سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ کا خلاصہ لکھیں۔

جواب: سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ کا خلاصہ "اسلام کے بنیادی عقائد کا اثبات اور کفار کے اعتراضات کا جواب" ہے۔

(iii) سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ کے اہم علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔

جواب: سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ کے دو اہم علمی و عملی نکات:

☆ قرآن مجید حق اور باطل میں فرق کرنے والا کلام ہے، جو تمام جہانوں کے لیے نازل کیا گیا ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ، حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰهِ خاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اور قرآن مجید پر اعتراضات کا بنیادی سبب قیامت کو جھٹلانا ہے۔

3 درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ قرآنی الفاظ کے معنیٰ لکھیں:

قُرَّةَ اَعْيُنٍ — لَمْ يَخِرُّوْا — ذُرِّيّٰتِنَا — مُسْتَقَرًّا — اِصْرِفْ — يَبِيْتُوْنَ — يَمْشُوْنَ

LAST HOPE STUDY

الفاظ	معنیٰ	الفاظ	معنیٰ
قُرَّةَ اَعْيُنٍ	آنکھوں کی ٹھنڈک	لَمْ يَخِرُّوْا	وہ نہیں گر پڑتے
ذُرِّيّٰتِنَا	ہماری اولاد	مُسْتَقَرًّا	ٹھہرنے کی جگہ
اِصْرِفْ	دور کر دے	يَبِيْتُوْنَ	وہ رات گزارتے ہیں
يَمْشُوْنَ	وہ چلتے ہیں		

4 دی گئی آیات کا بامحاورہ ترجمہ لکھیں۔

i لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ﴿٦٢﴾

ii اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿٦٦﴾

iii وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ﴿٧١﴾

iv وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ﴿٧٢﴾

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

ترجمہ

(i) لِّمَنۡ اَرَادَ اَنۡ يَّذَّكَّرَ اَوۡ اَرَادَ شُكُوۡرًا ۝

ترجمہ: اس (شخص) کے لیے جو نصیحت حاصل کرنا چاہے یا شکرگزار بننا چاہے۔

(ii) اِنَّهَا سَآءَتۡ مُسۡتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝

ترجمہ: بے شک وہ بُری جگہ ہے (تھوڑی دیر) ٹھہرنے اور (مستقل) رہنے کے لحاظ سے۔

(iii) وَمَنۡ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوۡبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ۝

ترجمہ: اور جو توبہ کرے اور نیک عمل کرے تو بے شک وہ اللہ ہی کی طرف رجوع کرتا ہے۔

(iv) وَالَّذِيۡنَ لَا يَشۡهَدُوۡنَ الزُّوۡرَۙ وَاِذَا مَرُّوۡا بِاللَّغۡوِ مَرُّوۡا كِرَامًا ۝

ترجمہ: اور وہ جو جھوٹی گواہی نہیں دیتے اور جب کسی بے کار بات پر ان کا گزر ہوتا ہے تو شریفانہ انداز سے گزر جاتے ہیں۔

5 تفصیلی جواب دیجیے۔

(i) سُوۡرَۃُ الۡفُرۡقَان پر ایک مفصل مضمون تحریر کیجیے۔

جواب: تعارف:

سُوۡرَۃُ الۡفُرۡقَان مکی سورت ہے۔ اس میں ستتر (77) آیات ہیں۔

فرقان کا معنی:

فرقان کا معنی ہے: حق و باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا۔ اس سورت کی پہلی آیات میں قرآن مجید کو فرقان قرار دیا گیا ہے یعنی حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والی کتاب۔ اسی مناسبت سے اس سورت کا نام سُوۡرَۃُ الۡفُرۡقَان ہے۔

سُوۡرَۃُ الۡفُرۡقَان کا خلاصہ:

سُوۡرَۃُ الۡفُرۡقَان کا خلاصہ "اسلام کے بنیادی عقائد کا اثبات اور کفار کے اعتراضات کا جواب" ہے۔

سُوۡرَۃُ الۡفُرۡقَان کے مضامین:

اللہ تعالیٰ کی عظمت، حضرت محمد رَسُوۡلُ اللّٰهِ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ اور قرآن مجید کی حقانیت کا بیان:

سُوۡرَۃُ الۡفُرۡقَان کے آغاز میں اللہ تعالیٰ کی عظمت، حضرت محمد رَسُوۡلُ اللّٰهِ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی شان اور قرآن مجید کی حقانیت کا جامع بیان ہے۔ جھوٹے خداؤں کی بے بسی اور لاچارگی کا ذکر ہے۔ قرآن مجید اور عقیدۂ رسالت پر مشرکین کے اعتراضات کا بھرپور جواب دیا گیا ہے۔

معبودِ باطلان کا رد:

اس سورت میں جھوٹے خداؤں کی بے بسی اور لاچارگی کو واضح کیا گیا ہے۔

گستاخانِ رَسُوۡلُ اللّٰهِ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی مذمت:

اس سورت میں حضرت محمد رَسُوۡلُ اللّٰهِ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی شان میں گستاخی کرنے والے ظالموں کی حسرت کا بیان ہے۔

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

عذاب الٰہی کا بیان:

انبیاءِ کرام علیہم السلام کو جھٹلانے والی قوموں پر اللہ تعالیٰ کے عذاب کا ذکر کر کے قریشِ مکہ اور ایسے تمام مجرموں کو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈرایا گیا ہے۔

عبادالرحمٰن کی صفات:

1 سُوْرَةُ الْفُرْقَان کے آخر میں رحمان کے پسندیدہ بندوں کی صفات کا بیان ہے۔
2 یہ زمین پر عاجزی اور وقار کے ساتھ چلتے ہیں۔
3 اگر جاہل لوگ ان سے الجھنا چاہیں تو یہ ان کے ساتھ نہیں الجھتے۔
4 پوری پوری رات خوابِ غفلت میں نہیں پڑے رہتے بلکہ اللہ تعالیٰ کی عبادت سے راتوں کو آباد رکھتے ہیں۔
5 زندگی کے ہر معاملے کی طرح مال خرچ کرنے میں بھی میانہ روی سے کام لیتے ہیں، نہ تو بخل کرتے ہی نہ فضول خرچی۔
6 انسانی جان کی حُرمت اس قدر ملحوظ رکھتے ہیں کہ کسی کو ناحق قتل نہیں کرتے۔
7 بدکاری سے کوسوں دور رہتے ہیں۔
8 جھوٹ اور گناہوں کی مجلسوں کے قریب نہیں جاتے۔
9 فضول باتوں اور فضول کاموں سے انھیں سروکار نہیں۔
10 بغیر تحقیق کسی کام میں نہیں پڑتے اور بغیر تصدیق ہر بات کو مان نہیں لیتے۔

اس سورت کا مرکزی مضمون:

اس سورت کا مرکزی مضمون یہ ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ نے توحید، نبوت اور قیامت کے احوال کے بارے میں بیان فرمایا۔

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study